25/02/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر مینطارق احمد

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگرکے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سول انکلیو کی جامع توسیع کو منظوری دینے کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیاہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں منوج سنہانے کہاکہ سرینگر میں نئے سول انکلیوکی بدولت کشمیرکا اقتصادی مستقبل اپ گریڈ ہونے کے ساتھ ساتھ وادی ایک خوبصورت سیاحتی منزل بھی بنے گی ۔

ائر پورٹ

واضح رہے کہ مرکزی کا بینہ نے سرینگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سیول انکلیو کی بڑی توسیع کا ری کیلئے 1ہزار677 کروڑروپے کاسرمایہ لگانے کی منظوری دی ہے۔

73 ایکڑ سے زائد رقبے پر محیط نیا سیول انکلیو، 71ہزار5سومربع میٹر پر پھیلے ہوئے ایک جدید طرین ٹرمینل عمارت کو پیش کرے گا، جو چوٹی کے اوقات میں2ہزار9سو مسافروں کی خدمت کےلئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اسکی سالانہ گنجائش10ملین مسافر ہوگی۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی سرینگر ائر پورٹ پر سول انکلیو کی 16سو77کروڑ روپے کی لاگت سے جامع توسیع کیلئے وزیر اعظم کا شکریہ بجا لایا ہے۔

ایک بیان میں انہوں نے کہاہے کہ یہ اقدام جموں کشمیر میں اقتصادی اور سیاحتی اعتبار سے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی زیر قیادت موجودہ سرکار جموںو کشمیر کے ہر خطے اور علاقے میں مساوی ترقی یقینی بنانے کےلئے پُر عزم ہے۔

وہ گاندربل اسمبلی حلقے میں کئی کلیدی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے، جن پر84کروڑ 41لاکھ روپے کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔اس موقعے پر میڈیا سے بات کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا۔

DGP

جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات نے پاکستانی دہشت پسندوں کو انجام تک پہنچانے کیلئے موثر سراغ رسانی پر توجہ مرکوز کرنے اور نتیجہ خیز کارروائیوں عمل میں لانے پر زور دیا ہے۔

وہ ضلع بانڈی پورہ اور سوپور میں سینئر پولیس افسروں کے ہمراہ سلامتی صورتحال کا جائزہ لینے کی غرض سے منعقدہ میٹنگوں میں بول رہے تھے۔

ریل

شمالی ریلوے نے یکم مارچ سے جموں سے سرینگر کے بیچ براہ راست وندے بھارت ریل چلانے کاپروگرام فی الحال ملتوی کیا ہے۔شمالی ریلوے کے ایریا منیجر (سرینگر) کپل شرما نے آکاشوانی نیوز سرینگرکو بتایا کہ اس سلسلے میں ریلوے ہیڈ کواٹر سے ایک پیغام موصول ہوا ہے ، اور جب یہ ریل چلانے کاپروگرام بنے گا تووہ عوام تک پہنچایاجائےگا۔

واضح رہے کہ فی الحال وندے بھارت، سرینگر سے کٹرہ کیلئے چل رہی ہے۔

کھیلو انڈیا

مشہور سیاحتی مقام گلمرگ مینکھیلو انڈیاونٹر گیمز کے تحت آج تیسرے دن کی سرگرمیاں شروع ہو گئی ہیں۔ گلمرگ کے برفیلے ڈھلانوں پر ملک بھر سے آئے ہوئے اتھلیٹوں میں زبردست جوش و خروش دیکھاجا رہا ہے ۔

....

اب تک کئی کھلاڑیوننے مختلف کھیل زمرونمیں سونے ، چاندی اور کانسے کے تمغے جیت لئے ہیں۔ میڈل جیتنے والے کئی کھلاڑیوں کے تاثرات۔

....

گلمرگ مینکھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا یہ سلسلہ کل بھی جاری رہے گا۔

....

اعجاز اسد

محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمداعجاز اسد نے کہاہے کہ جموں کشمیر میں 90دیہات کوماڈل گروتھ مراکز مینتبدیل کیا جائے گا۔

وہ جموں کشمیر میں ”وکست ولیج“ پروگرام کیلئے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ کے مسودے کاجائزہ لے رہے تھے ۔اس پہل کے تحت 2026-27کے دوران ہر منتخب گاؤں کیلئے دو کروڑ روپے مختص رکھے گئے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ